www.KitaboSunnat.com

گذشتہ سے پیوستہ

حافظ محمد عبداللہ☆

تبصرہ جات ماہنامہ رُشد قراءات نمبر

[ا]

مکرمی ومحترمی جناب مولانا حافظ عبدالرحمٰن مدنی صاحب! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مجلّہ رُشد کی خصوصی اشاعت، قراءات نمبر کے (تین حصے) ایک مستحسن اور عظیم علمی وتحقیقی اقدام ہے۔ جس میں بہت ساری ملکی وغیرملکی قد آور علمی شخصیات کے بہترین مضامین نے رسالہ کی خصوصی اشاعت کو چار چاند لگا دیئے ہیں۔ اس کے مضامین و مقالہ جات صدیوں تک پڑھنے اور پڑھانے والوں کیلئے اہم مراجع کی حیثیت رکھیں گے۔ اس سے قبل اس موضوع پر اتنا عظیم الشان کام نہیں ہوا۔ اللہ احکم الحاکمین نے یہ توفیق ان کو دی جن کا مسلک اللہ کا قرآن اور پیارے نبیﷺ کا فرمان ہے۔

اس رسالہ میں خصوصاً حجیت وحقانیتِ قراءات پر ضخیم مضامین علمی خزینہ ہیں اور اس میں منکرین قراءات کو دندان شکن جوابات دیئے گئے ہیں۔ نیز سبعۃ احرف پر گراں قدر، وافر اور تحقیقی مواد جمع کیا گیا ہے۔ ہر مکتب فکر کے شناور اساتذہ قراءات کے حالات زندگی کو احسن انداز سے موتیوں کی طرح پرو دیا گیا ہے۔ اسی طرح دیگر مضامین کی اہمیت بھی اپنی اپنی جگہ پر مسلّم ہے۔

الحمدللہ! نتیجہ قارئین کے سامنے ہے، اللہ تعالیٰ شرف قبولیت سے نوازے اور آپ کے لیے اور آپ کے قابل فرزندان جناب الدکتور حافظ حسن مدنی حفظہ اللہ، جناب القاری انس مدنی حفظہ اللہ اور جناب الدکتور القاری حمزہ مدنی حفظہ اللہ و دیگر معاونین ومنتظمین کیلئے ذریعۂ نجات بنائے۔ (آمین یا رب العالمین)

قاری محمد ادریس العاصم
صدر مدرّس مدرسہ تجوید القرآن، جامع مسجد لسوڑیوالی، لاہور

[۲]

ماہنامہ 'رُشد' لاہور کے قراءات نمبر کے دو شمارے نظر سے گزرے ہیں۔ ان کے بارے میں کسی تبصرے کیلئے میں اَولاً یہ عرض کروں گا (مشك آنست كه ببويد نه كه عطار بگويد) حضرت مولانا عبدالرحمٰن مدنی کی علمی کاوشوں کے تو ہم اوّل سے معترف ہیں مگر علم قراءات میں (پدرنه تواند پسر تمام كند) کا حقیقی مصداق عزیز القدر القاری المقری حمزہ مدنی نے جو تاریخی کارنامہ اَنجام دیا ہے اس کی تعریف کیلئے میں نے عملی قدم اس طرح اٹھایا کہ اپنے تلامذہ کو ان شماروں کو خریدنے کی ترغیب دی جہاں جہاں علم قراءت سے متعلق کام ہو رہا ہے وہاں اَحباب سے اِصرار کرکے ان شماروں سے اِستفادہ کی دعوت دی ہے۔

☆ فاضل كلية الشريعة، جامعہ لاہور الاسلامیہ ورکن مجلس التحقیق الاسلامی، لاہور

محكم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پرمشتمل مفت آن لائن مکتبہ